NOHA & MARSIYA

Dahr Juz Jalwa-e-Yaktai-e-Mashooq Nahin

دہر جُز جلوۂ یکتائیِ معشوق نہیں

Manqabat by Mirza Ghalib

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Dahr juz jalwa-e-yaktai-e-mashooq nahin
دہر جُز جلوۂ یکتائیِ معشوق نہیں

Hum kahan hote agar husn na hota khud been
ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خود بیں

The world is nothing but the splendour of the Beloved's oneness;
Where would we be if Beauty did not wish to behold itself?

2

Be dili haa-e-tamasha ke na ibrat hai na zauq
بے دلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق

Be kasi haa-e-tamanna ke na duniya hai na deen
بے کسی ہائے تمنّا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں

Such listless gazing, that it brings neither warning nor delight!
Such helpless longing, that it has neither the world nor faith!

3

Harza hai naghma-e-zer-o-bam-e-hasti-o-adam
ہرزہ ہے نغمۂ زیر و بمِ ہستی و عدم

Laghw hai aaina-e-farq-e-junoon-o-tamkeen
لغو ہے آئینۂ فرقِ جنون و تمکیں

The song of the highs and lows of being and non-being is idle noise;
The mirror that tells madness from composure is vain.

4

Naqsh-e-mani hama khamyaza-e-arz-e-surat
نقشِ معنی ہمہ خمیازۂ عرضِ صورت

Sukhan-e-haq hama paimana-e-zauq-e-tahseen
سخنِ حق ہمہ پیمانۂ ذوقِ تحسیں

The image of meaning is all a craving to show itself in form;
The word of truth is all a cup for the taste of praise.

Free to read, copy and share

5

Laf-e-danish ghalat-o-nafa-e-ibarat maloom!
Durd-e-yak saghar-e-ghaflat
hai. che duniya-o-che deen

لافِ دانش غلط و نفعِ عبارت معلوم !
دُردِ یک ساغرِ غفلت ہے۔ چہ دنیا و چہ دیں

The boast of knowledge is false, and the gain of fine words is well known!
Whether this world or faith, each is the dregs of a single cup of heedlessness.

6

Misl-e-mazmoon-e-wafa baad ba dast-e-taslim
Surat-e-naqsh-e-qadam khaak ba farq-e-tamkeen

مثلِ مضمونِ وفا باد بدستِ تسلیم
صورتِ نقشِ قدم خاک بہ فرقِ تمکیں

Like the theme of loyalty, submission holds only wind in its hand;
Like a footprint, dignity has dust upon its head.

7

Ishq be rabti-e-shiraza-e-ajza-e-hawas
Wasl, zangar-e-rukh-e-aaina-e-husn-e-yaqeen

عشق بے ربطیٔ شیرازۂ اجزائے حواس
وصل، زنگارِ رخِ آئینۂ حسنِ یقیں

Love is the unravelling of the binding that holds the senses together;
Union is rust on the face of the mirror of certainty's beauty.

8

Kohkan, gurusna mazdoor-e-tarab gah-e-raqeeb
Be Sutoon, aaina-e-khwab-e-giran-e-Shireen

کوہکن، گرسنہ مزدورِ طرب گاہِ رقیب
بے ستوں، آئینۂ خوابِ گرانِ شیریں

The mountain-digger was a hungry labourer at his rival's house of pleasure;
Bisutun is a mirror of Shirin's heavy sleep.

9

Kis ne dekha nafas-e-ahl-e-wafa atish khez
Kis ne paaya asar-e-nala-e-dil haa-e-hazeen!

کس نے دیکھا نفسِ اہلِ وفا آتش خیز
کس نے پایا اثرِ نالۂ دل ہائے حزیں !

Who has seen the breath of the faithful strike fire?
Who has found any effect in the laments of grieving hearts?

Free to read, copy and share

10

Sami-e-zamzama-e-ahl-e-jahan hoon, lekin
Na sar-o-barg-e-sitaish, na dimagh-e-nafreen

سامعِ زمزمۂ اہلِ جہاں ہوں، لیکن
نہ سرو برگِ ستائش، نہ دماغِ نفریں

I hear the chatter of the people of the world, but
I have neither the means for praise nor the patience for curses.

11

Kis qadar harza sara hoon ke iyazan billah
Yak qalam kharij-e-aadab-e-waqar-o-tamkeen

کس قدر ہرزہ سرا ہوں کہ عیاذاً باللہ
یک قلم خارجِ آدابِ وقار و تمکیں

How much idle talk I utter, God preserve us,
Wholly outside the bounds of dignity and composure!

12

Naqsh-e-la haul likh ae khama-e-hazyan tahreer
Ya Ali arz kar ae fitrat-e-waswas qareen

نقشِ لاحول لکھ اے خامۂ ہذیاں تحریر
یا علی عرض کر اے فطرتِ وسواس قریں

O pen that writes ravings, write the words 'There is no power save God's';
O nature beset by evil whispers, call out, 'O Ali!'

13

Mazhar-e-faiz-e-Khuda, jaan-o-dil-e-khatm-e-rusul
Qibla-e-aal-e-nabi, Kaaba-e-ijad-e-yaqeen

مظہرِ فیضِ خدا، جان و دلِ ختمِ رسل
قبلۂ آلِ نبی (ص)، کعبۂ ایجادِ یقیں

The manifestation of God's grace, the life and heart of the Seal of the Messengers,
The qibla of the Prophet's (s) family, the Kaaba where certainty was created;

14

Ho wo sarmaya-e-ijad jahan garm-e-khiram
Har kaf-e-khaak hai waan garda-e-tasveer-e-zameen

ہو وہ سرمایۂ ایجاد جہاں گرمِ خرام
ہر کفِ خاک ہے واں گردۂ تصویرِ زمیں

Wherever that wellspring of creation walks,
Every handful of dust there becomes the pattern from which the earth is drawn.

Free to read, copy and share

15

Jalwa pardaz ho naqsh-e-qadam us ka jis ja
Wo kaf-e-khaak hai namoos-e-do aalam ki ameen

جلوہ پرداز ہو نقشِ قدم اس کا جس جا
وہ کفِ خاک ہے ناموسِ دو عالم کی امیں

Wherever his footprint shines forth,
That handful of dust holds in trust the honour of both worlds.

16

Nisbat-e-naam se us ki hai ye rutba ke rahe
Abadan pusht-e-falak kham shuda-e-naaz-e-zameen

نسبتِ نام سے اس کی ہے یہ رُتبہ کہ رہے
اَبداً پُشتِ فلک خَم شدۂ نازِ زمیں

Through its link with his name the earth has such rank
That the back of the sky stays bent for ever beneath the earth's pride.

17

Faiz-e-khulq us ka hi shamil hai ke hota hai sada
Boo-e-gul se nafas-e-baad-e-saba itr ageen

فیضِ خُلق اس کا ہی شامل ہے کہ ہوتا ہے سدا
بوئے گل سے نفسِ بادِ صبا عطر آگیں

It is the grace of his kindly nature at work that always
The breath of the morning breeze is perfumed with the scent of the rose.

18

Burrish-e-tegh ka us ki hai jahan mein charcha
Qata ho jaaye na sar rishta-e-ijad kahin

بُرّشِ تیغ کا اس کی ہے جہاں میں چرچا
قطع ہو جائے نہ سر رشتۂ ایجاد کہیں

The keenness of his sword is the talk of the world:
May it not somewhere cut the very thread of creation!

19

Kufr soz us ka wo jalwa hai ke jis se toote
Rang-e-aashiq ki tarah raunaq-e-but khana-e-Cheen

کُفر سوز اس کا وہ جلوہ ہے کہ جس سے ٹوٹے
رنگِ عاشق کی طرح رونقِ بت خانۂ چیں

His splendour so burns away unbelief that before it
The glory of the idol-temple of China fades like a lover's colour.

Free to read, copy and share

20

Jaan panaha! dil-o-jaan faiz rasana! shaha!
جاں پناہا ! دل و جاں فیض رسانا ! شاہا !

Wasi-e-khatm-e-rusul tu hai ba fatwa-e-yaqeen
وصیِ ختمِ رسُل تو ہے بہ فتوائے یقیں

O refuge of souls! O giver of grace to heart and soul! O King!
By the verdict of certainty you are the heir of the Seal of the Messengers.

21

Jism-e-athar ko tere dosh-e-payambar minbar
جسمِ اطہر کو ترے دوشِ پیمبر منبر

Naam-e-nami ko tere nasiya-e-arsh nageen
نامِ نامی کو ترے ناصیۂ عرش نگیں

For your most pure body the Prophet's shoulder was a pulpit;
For your exalted name the brow of the Throne is the setting of a seal.

22

Kis se mumkin hai teri madh baghair az wajib
کس سے ممکن ہے تری مدح بغیر از واجب

Shola-e-shama magar shama pe baandhe aaeen
شعلۂ شمع مگر شمع پہ باندھے آئیں

Who but the Necessary Being can sing your praise?
Only the candle's own flame can adorn the candle.

23

Aastan par hai tere jauhar-e-aaina-e-sang
آستاں پر ہے ترے جوہرِ آئینۂ سنگ

Raqam-e-bandagi-e-Hazrat-e-Jibreel-e-ameen
رَقمِ بندگیٔ حضرتِ جبریلِ امیں

On your threshold the grain of the polished stone
Is the written pledge of servitude of Gabriel, the trusted one.

24

Tere dar ke liye asbab-e-nisar aamada
تیرے در کے لئے اسبابِ نثار آمادہ

Khakiyon ko jo Khuda ne diye jaan-o-dil-o-deen
خاکیوں کو جو خدا نے دیئے جان و دل و دیں

Ready as offerings to be scattered at your door
Are the life, heart and faith that God gave to the creatures of dust.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

25

Teri midhat ke liye hain dil-o-jaan kaam-o-zaban
Teri taslim ko hain lauh-o-qalam dast-o-jabeen

تیری مدحت کے لئے ہیں دل و جاں کام و زباں
تیری تسلیم کو ہیں لَوح و قلم دست و جبیں

For your praise there are heart and soul, palate and tongue;
To salute you, the Tablet and the Pen are hand and brow.

26

Kis se ho sakti hai maddahi-e-mamdooh-e-Khuda
Kis se ho sakti hai aaraish-e-firdaus-e-bareen!

کس سے ہو سکتی ہے مدّاحیٔ ممدوحِ خدا
کس سے ہو سکتی ہے آرائشِ فردوسِ بریں !

Who can sing the praises of the one whom God has praised?
Who can adorn the highest Paradise?

27

Jins-e-bazar-e-maasi Asadullah Asad
Ke siwa tere koi us ka kharidar nahin

جنسِ بازارِ معاصی اسداللہ اسد
کہ سوا تیرے کوئی اس کا خریدار نہیں

Asadullah Asad is goods in the market of sins,
For whom there is no buyer but you;

28

Shokhi-e-arz-e-matalib mein hai gustakh-e-talab
Hai tere hausla-e-fazl pe az bas ke yaqeen

شوخیٔ عرضِ مطالِب میں ہے گستاخِ طلب
ہے ترے حوصلۂ فضل پہ از بس کہ یقیں

In the boldness of setting out his wishes he is brazen in asking,
So firm is his faith in the largeness of your grace.

29

De dua ko meri wo martaba-e-husn-e-qubool
Ke ijabat kahe har harf pe sau baar aameen

دے دعا کو مری وہ مرتبۂ حسنِ قبول
کہ اجابت کہے ہر حرف پہ سو بار آمیں

Give my prayer such grace of acceptance
That Answering itself says 'Amen' a hundred times at every word.

Free to read, copy and share

30

Gham-e-Shabbir se ho seena yahan tak labrez
Ke rahen khoon-e-jigar se meri aankhen rangeen

غمِ شبّیر سے ہو سینہ یہاں تک لبریز
کہ رہیں خونِ جگر سے مری آنکھیں رنگیں

May my breast so brim with grief for Shabbir
That my eyes stay coloured with my heart's blood.

31

Taba ko ulfat-e-Duldul mein ye sargarmi-e-shauq
Ke jahan tak chale us se qadam aur mujh se jabeen

طبع کو الفتِ دُلدُل میں یہ سرگرمیٔ شوق
کہ جہاں تک چلے اس سے قدم اور مجھ سے جبیں

May my nature burn with such ardent love for Duldul
That as far as its feet can go, my brow may go after them.

32

Dil-e-ulfat nasab-o-seena-e-tauheed faza
Nigah-e-jalwa parast-o-nafas-e-sidq guzeen

دلِ الفت نسب و سینۂ توحید فضا
نگہِ جلوہ پرست و نفسِ صدق گزیں

A heart whose lineage is love, a breast whose air is the oneness of God,
An eye that worships the divine splendour, and a breath that chooses truth;

33

Sarf-e-aada asar-e-shola-e-dood-e-dozakh
Waqf-e-ahbab gul-o-sunbul-e-firdaus-e-bareen

صَرفِ اعدا اثرِ شعلۂ دودِ دوزخ
وقف احباب گل و سنبل فردوس بریں

The burning of Hell's flame and smoke spent on the enemies;
The roses and hyacinths of highest Paradise given to the friends.

Printed from https://fzic.org/library/noha/dahr-juz-jalwa-e-yaktai-e-mashooq-nahin-50020 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.